# سیاسی پناہ کے طریقہ کار کے اہم نکات

تیسری دنیا کے ممالک(یعنی کہ یورپی ممالک کے شہری نہیں )کے ہر شہری ، بے وطن یا غیر شہریت یافتہ افراد کو سیاسی پناہ کی درخواست کے طریقہ کار تک رسائیعام اورمفت میسر ہے۔

## 1 ۔ پناہ کی درخواست یا بین الاقوامی تحفظ کے لیے درخواست

پناہ یا بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گذار:

پناہ یا بین الاقوامی تحفظ کے لیے درخواست گذار تیسری دنیا کے ممالک کے شہری یا بے وطن /غیر شہریت یافتہ وہ افراد ہیں جو بین الاقوامی تحفظ کے لیے ابتداء یا بعد میں، یونان کے مجاز حکام کے سامنے درخواست جمع کراتے ہیں۔ یونانی حکام بین الاقوامی تحفظ کی دو شکلیں فراہم کرتے ہیں :نمبر ایک :پناہ گزین کی حیثیت اور نمبر دو :ذیلی یا ضمنی تحفظ کی حیثیت!

پناہ گزین کا درجہ کسی بھی ایسے شخص کو دیا جاتا ہے جسے نسل، مذہب، قومیت، سیاسی رائے، ظلم و ستم کے خوف یا کسی خاص سماجی گروپ میں رکنیت کی وجہ سے اپنا آبائی ملک چھوڑنے پر مجبور کیا گیا ہو، یا بے وطن /غیر شہریت یافتہ فرد کی صورت میں جو یہاں آنے سے پہلے والے ملک میں واپس جانے کے رضامند نہیں ہے۔

عارضی یا ذیلی تحفظ کا درجہ کسی بھی ایسے شخص کو دیا جاتا ہے جو مذکورہ بالا شرائط کو تو پورا نہیں کرتا ہے کہ اُسے پناہ گزین کے طور پر تسلیم کیا جائے، لیکن اُس کے لیے اپنے آبائی ملک یا سابقہ رہائشی ملک میں شدید نقصان پہنچنے کے خطرے کی بہت سی وجوہات موجود ہیں، خاص طور پر کیونکہ اسے خطرہ ہے سزائے موت، پھانسی، تشدد، غیر انسانی یا ذلت آمیز سلوک کا یا بین الاقوامی یا اندرونی مسلح تصادم کی وجہ سے اس کی زندگی یا سالمیت خطرے میں ہے

**درخواست کہاں جمع کرانی ہے؟**

آپ نے ابتدائی درخواست کواستقبالیہ اور شناختی مراکز میں مجاز حکام کو لیسووس،خیوس، ساموس، کوس، لیروسکے جزائر پر ۔ اور ایوروس سے داخل ہونے والوں کواسی مقام پرجمع کرانی ہے ۔اگر آپ مندرجہ بالا مقامات پر اپنی درخواست جمع نہیں کراتے ہیں،تو آپ متبادل کےطور پرملاکاسا اور دیواتا کے استقبالیہ اور شناختی مراکز میں اپنی درخواست جمع کرا سکتے ہیں۔ بنا ہمراہ نابالغوں کی درخواستیں جمع کرانے کے مجاز حکام ضلعی پناہ کے دفاتر اورپناہ کی خود مختار شاخیں ۔

درخواست بذات خودجمع کرائی جاتی ہے۔ اگر آپ کی درخواست نہیں ہوئی، تو آپ مہاجرت اور پناہ کی وزارت کے آن لائن پلیٹ فارم پر وقت لے سکتے ہیں تاکہ ملاکاسا اور دیواتا کے استقبالیہ اور شناختی مراکز میں آپ کی رجسٹریشن کرائی جائے۔

اگر آپ غیر قانونی طریقہ کار سے ملک میں داخل ہوئے ہینیا قانونی طریقہ کار کے بغیریونان میں مقیم ہیں تو آپ کو استقبالیہ اور شناختی مرکز میں لے جایا جائے گااور اگر آپ کے پاس سرکاری ادارےکی دستاویز نہیں ہے جس سے آپ کی شہریت اور شناخت ثابت ہو، تو آپ کواستقبالیہ اور شناخت کے طریقہ کار میں سےگزارا جائے گا۔ جب تک درخواست کی جانچ پڑتال کا عمل جاری رہے گا اس وقت تک آپ کو مرکز کے احاطے مینرہنا ہے ، یہ مدت پچیس (25) دنوں سے زیادہ نہیں۔

مجموعی طور پرآپ کی درخواست کی جانچ پڑتال ےکی کارروائیپربیس (20) دن سے لے کر چھ (6) ماہ تک کا وقت لگ سکتا ہے۔

## *درخواست کی رجسٹریشن/ اندراج*

آپ کی درخواست کے مکمل اندراج میں آپ کی شناخت کے کوائف، آپ کا آبائی ملک، آپ کے والدالدہ کے نام ، شریک حیات اور بچوں کا نام، ای میل ایڈریس اگر ہے تو ، فنگر پرنٹ / انگلیوں کے نشانات کی شناخت کی تفصیلات، ان وجوہات کا مکمل بیان جن کی وجہ سے آپ بین الاقوامیتحفظ / حفاظت کی درخواست دے رہے ہیں۔ رہائش کا مستقل یا عارضی پتہ، وہ زبان جس میں آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی درخواست کیکارروائی کی جائے اور اگر آپ چاہیں توایک مجاز نمائندے کی تقرری۔
آپ کو جسم کییا آپ کے سامان کی تلاشیلی جا سکتی ہے۔ آپ کا میڈیکل ٹیسٹ / طبی معاینہ کروا سکتے ہیں۔

جب آپ درخواست جمع کرائیں گے، تو آپ کو متعلقہ ملازم کے ساتھ بات چیت کرنے، کارروائی کے متعلق آگائی ، بحثیت درخواست گزار برائے عالمی پناہ کے اپنے حقوق اور ذمہ داریاں کے متعلق اگاہ کرنے ، کارروائی کی میعاداور آخری تاریخونکا بتانے کے لیے ایک مترجم ہوگا ۔
درخواست کے دورانآپ اور ساتھ ساتھ آپ کے خاندان کے افراد جن کی عمریں چودہ (14) سال سے زیادہ ہو گیکی تصویر اور انگلیوں کے نشانات لیے جائیں گے۔ انگلیوں کے نشانات یوروڈک(EURODAC )یورپی سینٹرل ڈیٹا بیس میں داخل کیے جائیں گےاور اگر آپ نے ڈبلن IIIوقوانینپر عمل کرتے ہوئے کسی اور یورپی ریاست میں بین الاقوامی تحفظ کے لیے درخواست دی ہے، تو آپ کو اپنی درخواست کی جانچ کے لیے وہاں منتقل کیا جا سکتا ہے۔
«ڈبلن III» کا ضابطہاس بات کا تعین کرتا ہے کہیورپی ریاستوں میں سے کون سا ملک آپ کی درخواست کی جانچ پڑتال کا ذمہ دار ہے۔درجہ بندی کی ترتیب میں استعمال ہونے والے معیار درج ذیل ہیں:ا ) خاندانی تعلقات،ب) رکن ریاست میں ویزایا رہائشی اجازت نامہ کی حالیہصورت حال اورج) یورپییونین میں قانونییا غیر قانونی داخلہ۔
آپ کو اپنے سفری دستاویزات )مثلاً پاسپورٹ (یا آپ کے پاس موجود کوئی دوسری دستاویز جو آپ کی درخواست کی جانچ اور آپ کی شناخت اور آپ کے خاندان کے افراد کی تصدیق کے متعلق ہو، دینا ہوگا۔
آپ اپنی درخواست کے سلسلے میں جو معلومات فراہم کرتے ہیں وہ رازدارانہ ہے، اور یونان کے سرکاری اہلکار رازداری کے پابند ہیں اور آپ اپنی درخواست کی جانچ کے دوران جو معلومات فراہم کرتے ہیں وہ آپ کے آبائی ملک کے حکام کے سامنے ظاہر نہیں کی جائیں گی۔
آپ اقوام متحدہ کے پناہ گزینوں کے لیے ہائی کمیشن یا کسی ایسی تنظیم کے ساتھ جو قانونی، طبی اور نفسیاتی مدد فراہم کرتی ہے، سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔
اگر آپ تشدد، عصمت دری یا تشدد کی دیگر سنگین کارروائیوں کے شکار ہوئے ہیں، تو آپ کو چاہیے کہ حکام کو مطلع کریں، تاکہ وہ آپ کی مدد کر سکیں
اسائلم / پناہ کی کارروائی کے دوران آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ (اسائلم سروس کیمشورے کے بغیر)کسی وکیلیا اپنی پسند کے دوسرے مشیر کی مدد طلب کریں۔ آپ کے انٹرویو کے دوران موجود رہنے یااسائلم سروس میں آپ کی نمائندگی کر سکےاس کے لیے

وکیلیا مشیر کو تحریری طور پراصل دستخط کے ساتھ اجازت دیناضروری ہے۔آپ کے وکیلیادوسرے مشیر کی فیس اور اخراجات آپ برداشت کریں گے۔ آپ اور آپ کے مجاز وکیلیا مشیردونوں کو آپ کید رخواستمیں موجود دستاویزاتتک رسائی حاصل ہے۔

اسائلم کا ادارہ آپ کے انٹرویو کی تاریخ طے کرے گا اور آپ کو بین الاقوامی تحفظ کا درخواست گزار کا کارڈ ملے گا جو ایک (1) سال تک چل سکتا ہے۔ یہ کارڈ آپ کے پاس ہمیشہ ہونا چاہیے۔دستاویز جاری کرتے وقتجو ایک کارڈ کی شکل میں ہوتی ہےآپ کو ٹیکس نمبر ( AFM) اور ایک عارضی سماجی تحفظ صحت کی دیکھ بھال کا نمبر (PAAYPA) جاری کریں گے۔

اگر آپ کا تعلق کسیمخصوص کمزورگروپ سے ہے اور آپ کےانٹرویو کا وقت آپ کی درخواست جمع کروانے کے پندرہ دنوں کے اندر طے کیا جاتا ہے، تو پناہ کا ادارہ انٹرویو کی مناسب طریقے سے تیاری کرنے اور وکیلیادوسرے مشیر سے مشورہ کرنے تاکہ آپ کی مدد کی جا سکے کے لیے کافی وقت(3 دن تک) دیتا ہے۔ اگر آپ نابالغ ہیں، جہاز کے حادثے کے متاثرین کے براہ راست رشتہ دار (والدین، بہن بھائی،بچے، شریک حیاتہیں) ، معذور شخص، ایکضعیف فرد، حاملہ عورت، والدینمیں سے ایک کےساتھنابالغ بچے کاخاندان، انسانی اسمگلنگ کا شکار، سنگین بیماریوں میں مبتلا شخص، ذہنی اور دماغی معذوری کا شکار شخص اور ایسا شخص جو تشدد، عصمت دری، جسمانییا جنسی تشدد کی دیگر سنگین شکلوں کا شکار ہوا ہو، جیسا کہ جنسی اعضاء کی ذبردستی علیحدگی (اعضاء کاری) ہوئی ہے تو آپ کا تعلق مخصوص کمزورگروپ سے ہے ۔

آپ انٹرویو اور ترجمہ کرنے والے ملازم کی جنس جو آپ چاہتے ہیں کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کی متعلقہ درخواست پر ادارے کی طرف سے غور کیا جائے گا اور اگر یہممکن ہوا تو عمل کیا جائے گا۔

**بین الاقوامی تحفظ کے لیےدوسری / بعدکیدرخواست**

دوسری یا بعد کیدرخواست بین الاقوامی تحفظ کے لیے ایک ایسی درخواست ہے ، جو پولیسیا اسائلم سروس یا اپیل اتھارٹی کے حتمی مسترد ہونے کے فیصلے کے بعدیا آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی پچھلی درخواست سے دستبردار ہونے کے بعد دوبارہ جمع کرائی جاتی ہے۔

آپ کی رہائش گاہ کے قریب واقع علاقائی پناہ کے دفاتر یا خود مختار پناہ کیشاخیں دوسری یا بعد میں نئی درخواست اور نئے مواد / ڈیٹا کو جمع کرنے کے مجاز حکام ہیں۔دوسری یا بعد میں نئیدرخواست جمع کروانے کے لیے، آپ وزارت برائےمہاجرت و پناہ کے آن لائن پلیٹ فارم پر وقت لے سکتے ہیں۔

دوسری یا بعد میں نئیدرخواست جمع کرانے کے بعد، آپ کو بین الاقوامی تحفظ کا درخواست گزار کارڈ جاری نہیں کیا جائے گا۔

اسائلم سروس آپ کی جمع کرائی گئی معلومات کی جانچ کرے گا اور فیصلہ کرے گا کہ آیایہجو کوائف تحفظ کی نئی درخواست کے لیے آپ نے جمع کرائے ہینکیا معقول ہیں ۔ صرف اس صورت میں جب آپ کی بعدمیں دی جانے والی درخواست قبول کر لی جائے گی تو آپ کو بین الاقوامی تحفظ کے درخواست کا کارڈ دیا جائے گا ، جو اسائلم سروس کےذریعےآپ کیدرخواست کی جانچ پڑتال جاریرہنے تک چلتا رہےگا ۔

اگر ادارہ آپ کے بعد کی درخواست کو مسترد کر دیتا ہے، تو ا تو آپ اپیلکے دارے میں پانچ

(5) دن کی مدت جو کہ فیصلے میں مقرر کی گئی ہے کے اندر اپیل دائر کر سکتے ہیں۔

اگر آپ دوسری نئی درخواست دیتے ہیں، تو اس درخواست کی جانچ پڑتال کے مرحلے کے دوران آپ ملک بدری /واپسی سے محفوظ نہیں رہتے ہیں۔

دوسری نئی درخواست کے بعد ہر آنے والی درخواست کے لیے، آپ کو اپنی درخواست کے ساتھ ایک (e-PARAVOLO euros سو تینکیرسید پارا وولو (جمع کرانی ہوگی، جو الیکٹرانک رسید کے عمل )ای رسید (کے ذریعے جاری کی جاتی ہے۔ خاندان کی صورت میں، ہر رکن کے لیے الگ الگ مساوی رقم جمع کرانا ضروری ہے

## 2 ۔ بین الاقوامی تحفظ کا انٹرویو

ہ انٹرویو اسائلم سروس کے ذریعے آپ کے لیے مقرر کردہ دن اور وقت پر ایک قابل ملازم جس کے پاس مناسب قابلیت ہے، کے ذریعے لیا جاتا ہے۔ آپ کو اُس کے سوالات کا پوری ایمانداری کے ساتھ جواب دینا چاہئیے، صرف سچے واقعات کو مکمل طور پر بیان کرنا چاہئیے اور اپنی درخواست سے متعلق کسی بھی معلومات کو نہ چھپائیں۔
اسائلم سروس / پناہ کے ادارے کا ملازم انٹرویو کے دوران آپ سے خاص طور پر اس معلومات کے بارے میں پوچھے گا جس کا آپ نے اپنی درخواست میں ذکر کیا ہے، اس کے علاوہ آپ کی شناخت کی معلومات کے بارے میں، آپ یونان کیسے آئے، اپنا آبائی ملک چھوڑنے کی وجوہات کے بارے میںیا اس ملک کے بارے میں پوچھے گا جس میں آپ(یونان آنے سے پہلے)رہائش پذیررہے ۔ ، اگر آپ بے وطن ہیں،نیز ان وجوہات کے بارے جن کی وجہ سے آپ وہاں واپس جانہیں سکتے یا جانا نہیں چاہتے۔ . انٹرویو کے دوران آپ کوئی بھی دوسری معلومات(واقعات) جسے آپ ضروری سمجھیں شامل کر سکتے ہیں۔
خاندان کے ہر بالغ فرد کے لیے ایک الگ انٹرویو لیا جاتا ہے۔ نابالغوں کے لیےان کےنفسیاتی نتائج اور تکلیف دہ تجربات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک ذاتی مخصوص انٹرویو لیا جاتا ہے۔
انٹرویو میں ایکترجمان بھی موجود ہوگا۔ ترجمہ اس زبان میں ہوگا جسے آپ سمجھتے ہیں۔ ترجمان کی فراہمی مفت ہے۔
انٹرویو میں آپ کے ساتھ ایک وکیلیا مشیر (ڈاکٹر، ماہر نفسیاتیا سماجی کارکن) ہوسکتے ہیں، آپ کو تحریری طور پر اپنے انٹرویو کے دوران موجود رہنے یا پناہ کیادارے میں آپ کی نمائندگی کرنے کا اختیار دینا ہوگا۔آپ کے وکیلیا مشیر کی فیس اور اخراجات آپ برداشت کریں گے۔
انٹرویو میں جو کچھ آپ کہتے ہیں وہ رازدارانہ ہے۔ ان کا اشتراک کسی بھی صورت میں آپ کے آبائی ملک کے حکام کے ساتھ نہیں کیا جائے گا۔ تاہمدوسرے یونانی حکام کے ساتھ اشتراک کیا جا سکتا ہے۔
انٹرویو ریکارڈ کیا جاتا ہے۔ ملازم ایک متن (تحریر) تیار کرتا ہے جس میں انٹرویو کے تمام سوالات اور جوابات شامل ہوتے ہیں۔اگر انٹرویو ریکارڈ نہیںہوتا ، تو آپ ترجمان کی مدد سے متن چیک کریں،اس کے مواد کی تصدیق کریں ، تصحیح کرنے کا کہیں اور اس پر دستخط کریں ۔ درخواست کرنے پرآپ تحریر کی ایک کاپی اور/یا اپنے انٹرویو کی آڈیو ریکارڈنگ حاصل کر نے کے لیے درخواست کرسکتے ہیں۔ انٹرویو کانفرنس کال کے

ذریعے بھی ہو سکتا ہے۔

## 3 . بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر فیصلہ

انٹرویو/ سوال و جواب کے بعد اسائلم سروس / پناہ کا ادارہ فیصلہ کرے گا کہ آیا آپ کو پناہ گزینیا ذیلی/ عارضی تحفظ کا درجہ دینا ہے یا آپ کی درخواست کو مسترد کرنا ہے۔آپریٹر/ فیصلہ کرنے کا مجاز ملازم ذاتی انٹرویو کے دوران آپ کے بیانات، آپ کی درخواست کو ثابت کرنے کے لیے آپ کی فراہم کردہ معلومات، آپ کے آبائی ملک کے بارے میں متعلقہ معلومات اور آپ کی انتظامی فائل میں موجود تمام معلومات کو مدنظر رکھتے ہوئے درخواست پر فیصلہ کرتا ہے۔

جب تک آپ کی درخواست زیر التوا ہے،آپ اسے چھوڑ. سکتے ہیں۔

اگر آپ کبین الاقوامی تحفظ کی درخواست مسترد کر دی جاتی ہے، تو واپسی کا فیصلہ جاری کیا جائے گا۔

فیصلے کی دستاویز جو آپ کو بھیجی جائے گی اس کے ساتھ ایک اضافی دستاویز ہو گی ، جس میں فیصلے کے مواد اور نتائج کی اس زبان مینوضاحت ہو گی جسے آپ آسان اور قابل عمل طریقے سے سمجھتے ہیں .

آپ اپنا فیصلہبذات خود ، رجسٹری خط کے ذریعے(وکیل کے ذریعے)یاای میل کے ذریعے حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کی درخواست مسترد کر دی جاتی ہے، یا اگر آپ کو ذیلی/ ضمنی تحفظ کا درجہ دیا جاتا ہے اور آپ کو یقین ہے کہ آپ پناہ گزین کی حیثیت کے حقدار ہیں، تو آپ کو(دوسرے درجہ میں) اپیل اتھارٹی کے سامنے اپیل دائر کرنے کا حق حاصل ہے۔ آپ کو اپیل / استداءضلعی پناہ کے ادارے یا پناہ کے ادارے کی خود مختار شاخ مینمسترد کیے گے فیصلے میں بیان کردہ آخری تاریخ کے اندر جمع کرانی ہوگی۔

اگر آپ کو پناہ گزین کا درجہ یا ذیلی تحفظ کا درجہ دیا جاتا ہے، تو آپ یونانی حکومت کا رہائشی اجازت نامہ اور سفری دستاویز / پاسپورٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

## 4 . بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار کارڈ کے بارے میں آپ کو کیا معلوم ہونا چاہیے۔

آپ کی درخواست کی مکمل اندراج (فائل کرنے) پر آپ کو عالمی پناہ کی درخواست گزار کی حیثیت کا کارڈ (DADP/ΔΑΔΠ) ملےگا، جو آپ کی درخواست پر کارروائی کے عمل کے لحاظ سے تیس (30) دن سے لے کر ایک (1) سال تک کاہو سکتا ہے۔ عالمی پناہ کی درخواست گزار کی حیثیت کاکارڈ (DADP/ ΔΑΔΠ) آپ کو یونان میں اس وقت تک رہنے کی اجازت دیتا ہے جب تک کہ آپ کی درخواست کی جانچ مکمل نہیں ہو جاتی۔ اگر آپ کو اپنی درخواست پر منفی فیصلہ موصول ہوتا ہے، تو کارڈ جاری نہیں رہتا۔
کارڈ رجسٹریشن اور تجدید کے عمل کے ساتھ الیکٹرانک شکل میں جاری کیا جا سکتا ہے۔
آپ کو یہ کارڈ اچھی حالت میں رکھنا چاہیے اور اسے ہر وقت اپنے ساتھ رکھنا چاہیے کیونکہ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ نے بین الاقوامی تحفظ کے لیے درخواست جمع کرائی ہوئی ہے۔
بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار کارڈ ایک عارضی عنوان ہے جو مخصوص حقوق اور ذمہ داریاں فراہم کرتا ہے اور رہائشی اجازت نامہ کے مساوی نہیں ہے۔
افراد جو حراست میں ہینیا استقبالیہ اور شناخت کے عمل میں ہینیاوہ افراد جو ن نئی

درخواست جمع کراتے ہیں جب تک کہ ان کی نئی / بعد کی درخواست کی قبولیت کا تعین نہ ہو جائے ان افراد کو کارڈ جاری نہیں کیا جاتا ہے ۔
انفرادی تفصیلات/ کوائف کے علاوہ، کارڈ جاری کرنے کی تاریخ، اس کی مدت، اور غیر ملکی کا عارضی بیمہ اور صحت کی دیکھ بھال کا نمبر (P.A.A.Y.P.A.) کارڈ پرہے۔
آپ کے پاس ہمیشہ اصل کارڈ ہونا چاہیے اور خاص طور پر اسائلم سروس کے ساتھ ہر کارروائی میں، خاص طور پر انٹرویو کے دن۔ فوٹو کاپیاں قبول نہیں ہیں۔
اگر آپ کو کارڈ کے اختتام تک آپ کی درخواست پر فیصلہ نہیں دیا گیا ہے، تو آپ کو کارڈ کی تجدید کرانی ہوگی۔
کارڈ کی تجدید کے لیےآپ کو پرانا کارڈ پیش کرنا ہوگا۔
آپ کے پاس اپنے کارڈ کی میعاد ختم ہونے کے اگلے دن تک تجدید کرنے کی آخری تاریخ ہے۔**اگر آپ میعاد ختم ہونے کے ایک دن بعد تک بھی کارڈکی تجدید نہیں کراتے ہیں، تو کارڈ جاری نہیں رہے گا اور آپ کی درخواست بند کر دی جائے گی۔**
اگر اسائلم سروس / پناہ کا ادارہ کارروائی کے دوران فنییا دیگر وجوہات کی بنا پر آپ کے کارڈ کی تجدیدکرنے سے قاصر ہے، تو اسائلم کا ادارہ عوام کو مطلع کرنے کے لیے اپنی ویب سائٹ پر اطلاع کی اشاعت کرے گا۔ اس صورت میں، آپ کا پاس / کارڈ خود بخود تجدید ہو جائے گا۔

## کارڈ کے کھو جانے کی اطلاع / بیان:

اگر آپ کا کارڈ گم یا چوری ہو جاتا ہے، تو آپ اسائلم سروس سے نئے کارڈ کی درخواست کر سکتے ہیں۔
اسائلم سروس / پناہ کا ادارہ آپ کو ایک سرٹیفکیٹ فراہم کرے گا کہ آپ نے بین الاقوامی تحفظ کے لیے درخواست جمع کرائیہوئی ہے، جس میں کارڈ نمبر درج ہوگا۔
اس کے ساتھ، آپ یونانی پولیس سے رابطہ کریں گے، جہاں آپ کارڈ کے کھو جانے کا بیان جمع کرائیں گے۔
جب آپ کو گمشدگی کی اطلاع کی ایک مصدقہ کاپی موصول ہو جاتی ہے، تو آپ کو اسے اسائلم سروس میں پیش کرنے اور نئے کارڈ کے لیے درخواست دینے کی ضرورت ہوگی۔
کم از کم دو ماہ گزر جانے سے پہلے نیاکارڈ جاری نہیں کیا جاتا۔

# 5 - بین الاقوامی تحفظ کے لیے درخواست گزار کے طور پر آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں

### a) عالمیپناہ/بین الاقوامی تحفظ کےدرخواست گزار کےحقوق

یونان میں عالمی پناہ/تحفظ کی درخواست گزار کی حیثیت سے مندرجہ ذیل حقوق ہیں :

- بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار کا کارڈ مفت حاصل کریں جو ملک کے اندر قانونی نقل و حرکت کے قابل بناتا ہے۔
- آپ کی درخوست کی کارروائی مکمل ہونے تک آپ یونان میں رہ سکتے ہیں ، اور آپ کی درخواست کی کارروائی مکمل ہونے تک ملک بدری ممنوع ہے ۔
- بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار کو جو کارڈ موصول ہوا ہے ، اگر اس میں ملک کے ایک مخصوص حصے کی وضاحت نہیں کی گئی ہے جس میں آپ کو منتقل ہونے کی اجازت ہے،یعنی وہاں جغرافیائی لحاظ سے پابندی ہےملک میں آزادانہ طور پر نقل و حرکت کرسکتے ہیں ۔

- اپنی درخواست کی پیشرفت، اس کے مختلف مراحل میں آخری تاریخیں ، اپیل کے حق اور اپنی درخواستوں کے فیصلوں کے بارے میں زبان جو آپ سمجھتے ہیں، اسی میں آگاہی / معلومات لیں۔
- درخواست کےپہلےاور دوسرے درجے کے کے مختلف مراحل میں اور خاص طور پر، اسائلم سروس کے انٹرویو کے دوران مفت ترجمانی کاحق۔
- آبائی ملک میں رضاکارانہ واپسی۔ کا حق۔
- پناہ گزینوں کے لیےاقوام متحدہ کے ہائی کمیشنیا کسی ایسی تنظیم کے ساتھ جو قانونی، طبی اور نفسیاتی مدد فراہم کرتی ہے سےرابطہ کریں۔
- اگر آپ کام نہیں کر رہے ہیں اور آپ کےمالیامدادآپ کی روزمرہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کافی نہیں ہیں تو مالی امداد کا حق ۔
- مہمان خانونیا دیگر رہائشی جگہوں (نجی گھروں یا ہوٹلوں میں رہائش کے پروگرام) میں رہائش کا حق۔
- یونانی قانون سازی کی طرف سے مقرر کردہ شرائط کے تحت ، بین الاقوامی تحفظ کے لیے درخواست دائر کرنے کی تاریخ سے ساٹھ (60) دن گزر جانے کے بعد، اور اگر آپ کے پاس بین الاقوامی تحفظ کیدرخواست گزارکا کارڈ ہے تو کام کرنے کا حق۔
- ٹیکس رجسٹریشن نمبر (AFM) جاری کرنے کا حق
- ملازمین کے طور پر، یونانی شہریوں کی طرح انشورنس حقوق اور ذمہ داریاں۔
- غیر ملکیوں کے لیے عارضیبیمہ / انشورنس نمبر .(P.A.A.Y.P.A.) کےجاری ہونے کے ساتھ طبی دیکھ بھال ہسپتالمیں نگہداشت تک رسائی کا حق۔
- نابالغ درخواست گزار کے لیے مفت عوامی تعلیم تک رسائی کا حق۔
- بالغ درخواست گزار کے لیے ثانوی تعلیم تک رسائی کا حق۔
- پیشہ ورانہ تربیت تک رسائی کا حق۔

## b) عالمی پناہ/ بین الاقوامی تحفظ کےدرخواست دہندگان کی ذمہ داریاں

یونان میں عالمی پناہ / بین القوامی تحفظ کے درخواست گزار کی ذمہ داریاں مندرجہ ذیل ہیں :

- یونان میں داخل ہونے کے فوراً بعد بین الاقوامی تحفظ کے لیے درخواست جمع کروائیں۔
- درخواست گزارکا کارڈ ہمیشہ اپنے ساتھ رکھیں۔ بین الاقوامی تحفظ کی درخواست گزارکارڈ ایک عارضی عنوان ہے جو مخصوص حقوق اور ذمہ داریاں دیتا ہے اور مستق رہائشی اجازت نامہ نہیں ہے ۔
- اپنے کارڈ کوختم ہونے تک یا اس کی میعاد ختم ہونے کے اگلے کام کے دن (سموار سے جمعہ ) تک تجدید کرنے کا خیال رکھیں۔
- اپنی درخواست کی جانچ مکمل ہونے تک یونان میں رہیں۔ خاص حالات کے استثناء کے ساتھ جب سنگین انسانی وجوہات پیدا ہوں، صحت کی سنگین وجوہات کی پیش نظر جس میں کسی دوسرے ملک میں جانا انتہائی ضروری ہو ، کی صورت

کے علاوہ آپ یونان سے باہر سفر نہیں کر سکتے ۔ سفری دستاویز جاری کرانے کے لیے آپ کو ادارے میں درخواست دینی ہوگی۔

- اپنی درخواست سے متعلق کسی بھی معاملے پر معلومات فراہم کرنے اور اپنی شناخت کی تفصیلات کی تصدیق کرنے مینیونانی حکام کے ساتھ تعاون کریں۔
- اپنے طے شدہ انٹرویو کے لیےآپ اسائلم سروس کے ادارے میں میں پیشہوں ۔
- جب بھی آپ کو نظر ثانی / اپیل کے مجاز حکام کے سامنے ذاتی طور پربلایا جائےبلا تاخیرنظر پیش ہوں۔
- سفری دستاویز / پاسپورٹ اور اپنے پاس موجود کوئی اور دستاویز جو آپ کی درخواست کی جانچ اوراور آپ کی شناخت کے متعلق ہو، کو پیش کریں ۔
- پناہ کے ادارے کو اپنے رہائشی پتہ اور رابطے کی تفصیلات کے ساتھ ساتھ ان میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی کے بارے میں فوری طور پر مطلع کریں۔ آپ اپنیرابطہ کی معلومات کو تبدیل کرنے کے لیے آن لائن درخواست بھی جمع کر سکتے ہیں ۔_۔اسائلم سروس آپ کی درخواست سے متعلق دستاویزات آپ کےفراہم کردہ رابطے کےکوائف (ای میل ایڈریس، گھر کےپتہ) پر بھیجے گا۔
- یونان میں پیدا ہونے والے بچوں کی رجسٹریشن کے لیے اسائلم سروس میں حاضر ہوں، اپنی درخواست کے اندراج کے دوران ان کا پیدائشی سرٹیفکیٹ پیش کریں۔
- آپ کی درخواست کے مختلف مراحل کی عملی کارروائی میں مجاز حکام کی طرف سے آپ کے لیے مقرر کردہ آخری تاریخوں کا دھیان رکھیں۔
- اگر آپ ریاست سے مالی فوائد حاصل کر رہے ہیں تو اپنی حقیقی مالی صورتحال کو نہ چھپائیں۔
- استقبالیہ ، شناختی مرکز، مہمان نوازی کے ڈھانچے یا کسی دوسری رہائش میں رہنے کی کی صورت مینانتظامی اصول و ضوابط پر عمل کریں اور مجاز حکام کو بتائے بغیر ان علاقوں کو نہ چھوڑیں۔
- دوسری یا اس کے بعد آنے والی ہر درخواست کے لیےآپ کو اپنی درخواست کے ساتھ ایک تین سو (300€) یورو کی رسید (پاراوولو)جمع کرانی ہوگی، جو آن لائن (ای رسید) کے عمل کے ذریعے جاری کی جاتی ہے۔ خاندان کے صورت میں،ہر رکن کے لیے الگ الگ پاراوولو کے برابر رقم جمع کرنا ضروری ہے۔

مجاز حکام کے ساتھ تعاون نہ کرتے ہوے ذمہ داری کی خلاف ورزیاور خاص طور پر حکام کے ساتھ درخواست کی جانچ پرتال کے لیے ضروری عناصر کا تعین کرنے کے لیے رابطے میں عدم تعاون، جس سے بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کیجانچ پرتال کی راہ میں رکاوٹ ہو ، ایسی صورت میں درخواست مسترد کر دی جاتی ہے۔
مندرجہ بالا ذمہ داریوں کی خلاف ورزیاں آپ کو ملنے والے مادی فوائد (مالی مدد ، رہائش وغیرہ)میں رکاوٹ یاکمی کا باعث بنتی ہیں۔

## 6 ۔ اصل/ آبائی ملک میں رضاکارانہ واپسی۔

پناہ کے طریقہ کار کو ترک کرنے کے بعد اگر آپ اپنے آبائی ملک میں واپس جانا چاہتے ہیں تو آپ کوحق حاصل ہے۔
جو لوگ رضاکارانہ طور پر واپس جانا چاہتے ہیں اُنہیں مزید معلومات کے لیے انٹرنیشنل کے پاس بھیجا جاتا ہے جو آپ کی وطن واپسی کے طریقہ (I.O.M)امیگریشن آرگنائزیشن کار کو انجام دیتی ہے۔
D.O.M سے رضاکارانہ واپسی کے پروگرام کے بارے میں مزید معلومات یہاں حاصل کر سکتے ہیں۔ یہاں.

ΕΛΛΗΝΙΚΗ ΔΗΜΟΚΡΑΤΙΑ
Υπουργείο Μετανάστευσης & Ασύλου

**آخر میں ہم آپ کو مطلع کرنا چاہیں گے کہ اسائلم سروس کے احاطے میں لانا منع ہے: ہتھیار ، تیز دھار یا دیگر اشیاء جو چوٹ پہنچانے کے لیے استعمال ہو سکتی ہیں ، دھماکہ خیز اور آتش گیر مادے، کیمیکلز اور زہریلے مادے۔!**